57th Year

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز



**کرکٹ بورڈ انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ**

بنگلہ دیش کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان تمیم اقبال نے کرکٹ ایڈمنسٹریشن میں آنے کا فیصلہ کرلیا۔ بنگلہ دیشی میڈیا کے مطابق تمیم اقبال نے کرکٹ بورڈ کے انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔



**یوایس اوپن کے اگلے راؤنڈ میں**

ہندوستان کے یوکی بھامبری اور نیوزی لینڈ کے مائیکل وینس کی جوڑی نے امریکہ کے مارکوس گیرون اور لرزنا ٹین کو شکست دیکر یوایس اوپن مینز ڈبلز کے دوسرے راؤنڈ میں داخلہ حاصل کرلیا۔

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 236 | صفحات: 08 | یکم ستمبر ۲۰۲۵ بروز سوموار بمطابق ۷ ربیع الاول ۱۴۴۷ | Monday 01st September 2025 | جلد نمبر 57

## سرینگر جموں شاہراہ کے کھلنے میں 25 دن بھی لگ سکتے ہیں/ وزیر اعلیٰ

### بادل پھٹنے کے مختلف واقعات میں 130 سے زیادہ لوگ ہلاک ہوگئے، 33 ابھی تک لاپتہ



سرینگر/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اتوار کو کہا ہے کہ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اس ہفتے کے اوائل میں بادل پھٹنے اور ریکارڈ بارش کی وجہ سے آنے والے سیلاب سے ہونے والے نقصانات کا جائزہ لینے کے لیے جموں و کشمیر کا دورہ کررہے ہیں،۔شاہ دوروزہ دورے پر آج شام کے آخر میں جموں پہنچنے والے ہیں اور توقع ہے کہ وہ پیر کو راج بھون میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کرنے سے پہلے سیلاب زدہ علاقوں کا فضائی سروے کریں گے۔انہوں نے کہا سرینگر جموں شاہراہ کو قابل آمد رفت بنانے کے لئے 20 سے 25 دن تک لگ سکتے ہیں انہوں نے کہا تاہم متبادل کو قابل آمد رفت بنالیا گیا ہے۔14 اگست سے کشتواڑ، کٹھوعہ، ریاسی اور رامبن اضلاع میں بادل پھٹنے، لینڈ سلائیڈنگ اور اچانک سیلاب کے نتیجے میں 130 سے زائد افراد ہلاک اور 120 سے زائد زخمی ہوئے جبکہ 33 کا پتہ نہیں چل سکا۔26 اور 27 اگست کو ہونے والی ریکارڈ بارش نے بھی پورے خطے کے نشیبی علاقوں میں سیلابی صورتحال پیدا کردی جس سے سرکاری اور نجی انفراسٹرکچر کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا۔ وزیر داخلہ یہاں صرف اور صرف شدید بارشوں اور سیلاب کے بعد کی صورتحال کا جائزہ لینے اور مرکز سے ہماری ضرورت کو دیکھنے کے لیے آرہے ہیں (بحران سے نمٹنے کے لیے)۔ان کا کوئی اور مقصد نہیں ہے،/1




## دریا میں گاڑی گر جانے سے

### 2 افراد کی موت، 3 زخمی

کرگل/ یو این آئی/ کرگل کے دراس کے گمری علاقے میں ایک گاڑی دریا میں گر جانے سے 2 افراد کی موت جبکہ 3 دیگر زخمی ہوگئے۔ذرائع نے بتایا کہ دراس کے گمری میں زوجیلا پاس کے نزدیک ایک زائیلو گاڑی دریا میں جاگری جس کے نتیجے میں دو افراد کی موت جبکہ تین دیگر زخمی ہوگئے۔انہوں نے کہا کہ حادثہ پیش آنے کے بعد فوج اور پولیس نے ریسکیو آپریشن شروع کردیا اور زخمیوں کو علاج ومعالجے کے لئے ہسپتال منتقل کیا گیا۔

# ہند چین تعلقات 2.8 ارب لوگوں کے مفادات سے وابستہ/ مودی

## ہم باہمی اعتماد، احترام اور بھروسے کی بنیاد پر تعلقات کو آگے بڑھانے کے تئیں پُرعزم ہیں



تیانجن/ نئی دہلی/ یو این آئی/ ہندوستان اور چین نے بدلتی ہوئی عالمی صورتحال کے پیش نظر دوطرفہ تعلقات کو بہتر بنانے پر اتفاق کرتے ہوئے اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ دونوں ممالک، جو عالمی خطہ؟ جنوب کے دو بڑے اور اہم ممالک ہیں، اپنے عوام اور دیگر ترقی پذیر ممالک کے مفادات کے تحفظ کے لیے مل کر کام کریں گے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے، جو سات سال بعد پہلی بار چین کے دورے پر گئے ہیں، اتوار کی صبح چین کے صدر شی جن پنگ کے ساتھ دوطرفہ ملاقات کی۔وزیر اعظم مودی شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے رکن ممالک کے سربراہان کے 25 ویں سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے صدر شی کی دعوت پر چین گئے ہیں۔ یہ دونوں رہنماؤں کی گزشتہ ایک سال میں دوسری ملاقات ہے، جسے پانچ سال قبل گلوان وادی میں ہوئے فوجی تصادم کے بعد تعلقات کو دوبارہ معمول پر لانے کی کوشش کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔ دوطرفہ ملاقات کے دوران وزیر اعظم مودی نے کہا کہ ہندوستان باہمی اعتماد، احترام اور/3

### وزیر اعظم نریندر مودی نے سرحد پار دہشت گردی کا معاملہ

### شی جن پنگ کے ساتھ ترجیحی بنیادوں پر اٹھایا/ خارجہ سکریٹری

تیانجن/ نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیر خارجہ سیکریٹری وکرم مسری نے اتوار کو کہا کہ چین کے صدر شی جن پنگ کے ساتھ دوطرفہ ملاقات کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے سرحد پار سے دہشت گردی کا خاص طور پر ذکر کیا اور اس بات پر زور دیا کہ دونوں ممالک کو اس سے نمٹنے کے لیے باہمی مفاہمت کے ساتھ تعاون کرنا چاہیے۔ مسٹر مسری نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے گئے وزیر اعظم مودی کے پروگراموں اور ملاقاتوں کے بارے میں منعقدہ خصوصی میڈیا بریفنگ میں صدر شی جن پنگ کے ساتھ آج دن میں ہوئی ملاقات کے بارے میں سوالوں پر کہا: "وزیر اعظم نے سرحد پار دہشت گردی کا ترجیحی طور پر ذکر کیا۔انہوں نے اس/ 4

## راج بھون میں اعلیٰ سطح کی میٹنگ سے قبل وزیر داخلہ امیت شاہ

### سیلاب سے تباہ حال علاقوں کا فضائی جائزہ لیں گے



سرینگر/ سخت ترین حفاظتی انتظامات کے بیچ وزیر داخلہ امیت شاہ کا دوروزہ دورہ آج سے شروع ہوگا جس دوران وہ راج بھون میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کرنے سے پہلے سیلاب زدہ علاقوں کا فضائی سروے کریں گے۔وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ وزیر داخلہ شاہ سیلاب سے ہونے والے نقصانات کا جائزہ لینے کے لیے جموں و کشمیر کا دورہ کررہے ہیں۔ جموں دورے کے پیش نظر سیکورٹی بڑھا دی گئی ہے۔سی این آئی کے مطابق وزیر داخلہ امیت شاہ جموں میں بادل پھٹنے اور ریکارڈ بارش کی وجہ سے آنے والے سیلاب سے ہونے والے نقصانات کا جائزہ لینے کے لیے جموں و کشمیر کا دورہ کر رہے ہیں۔ شاہ دو روزہ دورے پر جموں پہنچنے والے ہیں اور توقع ہے کہ وہ سوموار کو راج بھون میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کرنے سے پہلے سیلاب زدہ علاقوں کا فضائی سروے کریں گے۔اس کی تصدیق کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا "وزیر داخلہ یہاں صرف شدید بارشوں اور سیلاب کے بعد کی/ 2

## پوپنچھ میں دو دہشت گرد گرفتار

### اسلحہ و گولہ بارود برآمد/ پولیس

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں و کشمیر کے سرحدی ضلع پونچھ میں پولیس نے ایک بڑی کارروائی کے دوران دو دہشت گردوں کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے بھاری اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔سرکاری ذرائع نے بتایا کہ گرفتار شدگان کی شناخت طارق شیخ ساکن اعظم آباد اور ریاض احمد ساکن چیمبر گاؤں کے طور پر ہوئی ہے۔ پولیس ٹیم نے اعظم آباد میں طارق شیخ کے گھر پر چھاپہ مار کر اسے اس کے ساتھی ریاض احمد سمیت گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق ابتدائی/ 5

## سلال ڈیم کے دروازے کھولنے سے پانی کا بہاؤ تیز

### اوپری علاقوں میں طغیانی کے سبب ڈیم کے گیٹ کھولنا ناگزیر تھا/ انتظامیہ

جموں/ یو این آئی/ ریاسی ضلع میں سلال ڈیم کے دروازے کھولنے کے بعد دریائے چناب میں پانی کی سطح میں غیر معمولی اضافہ درج کیا گیا ہے جس کے پیش نظر انتظامیہ نے مقامی آبادی کو انتباہ جاری کیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ سلال پاور اسٹیشن انتظامیہ نے اتوار کی صبح ڈیم کے متعدد گیٹ کھول دیے، جس کے نتیجے میں چناب میں پانی کا بہاؤ اچانک تیز ہوگیا۔اس صورتحال کے پیش نظر ریاسی ضلع انتظامیہ نے دریا کے کنارے رہائش پذیر لوگوں اور کسانوں کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ احتیاط برتیں اور کسی بھی صورت میں دریا کے قریب جانے سے گریز کریں۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا کہ مسلسل بارشوں اور اوپری علاقوں میں طغیانی کے سبب ڈیم کے گیٹ کھولنا ناگزیر تھا تاکہ کسی بڑے سانحے سے بچا جا سکے۔عوام کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ پانی کی سطح مزید بڑھنے کے خدشے کے پیش نظر اپنی سرگرمیوں کو فی الحال محدود رکھیں اور جانوروں کو بھی محفوظ مقامات پر منتقل کریں۔انتظامیہ نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری طور پر ضلعی کنٹرول روم یا مقامی پولیس اسٹیشن سے رابطہ کریں تاکہ بروقت امداد فراہم کی جا سکے۔

## کون ہے جو سبزیوں کے دام کو بڑھنے سے روک دے

### اگر ہماری بات پر یقین نہیں تو وزیر اعلیٰ بغیر اطلاع بازار کا دورہ کریں/ متاثرین

سرینگر/ یو این آئی/ شہر کے مختلف علاقوں میں سبزیوں کی قیمتیں روز بروز بڑھ رہی ہیں۔صارفین کے مطابق، ٹماٹر، پیاز، آلو اور ہری سبزیوں کے نرخ مقررہ ریٹ لسٹ سے کہیں زیادہ وصول کئے جارہے ہیں جبکہ فوڈ اینڈ سپلائز محکمہ خاموش تماشائی بنا ہوا ہے۔ایک مقامی شہری نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا: 'وزیر اعلیٰ کو چاہئے کہ وہ بغیر کسی پیشگی اطلاع کے بازاروں کا دورہ کریں، تب ہی حقیقت آشکار ہوگی کہ کس طرح عام آدمی کو مہنگائی کی چکی میں پیسا جارہا ہے۔'عوامی حلقوں نے سوال اٹھایا کہ اگر حکومت واقعی قیمتوں پر قابو پانے کے لئے سنجیدہ ہے تو منافع خوروں کے خلاف سخت کارروائی کیوں نہیں کی جارہی؟ لوگوں نے اس بات پر زور دیا کہ جب تک اعلیٰ حکام زمینی سطح پر خود صورتحال کا جائزہ نہیں لیتے، تب تک عام صارفین کو ریلیف ملنے کی کوئی امید نہیں ہے۔ادھر تجزیہ نگاروں کا کہنا ہے کہ کشمیر میں شاہراہ بند ہوتے ہی اشیائے صرف کی قیمتوں میں اچانک اضافہ ایک معمول بن چکا ہے اور اس استحصالی رویے پر قابو پانے کے لئے محکمہ فوڈ اینڈ سپلائز کو ہنگامی بنیادوں پر سخت اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔

## پنڈت برادری نے 30 سال بعد

### بڈگام میں شاردا بھوانی مندر کو کھولا

سرینگر/ کے این ایس/ کشمیری پنڈت برادری نے اتوار کو ضلع بڈگام میں شاردا بھوانی مندر کو تین دہائیوں سے زائد عرصے کے بعد تقریبات میں مقامی مسلم کمیونٹی کی بھرپور شرکت کے ساتھ دوبارہ کھول دیا۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق وسطی کشمیر ضلع کے اچکوٹ گاؤں میں منعقدہ تقریب میں 'مہورات' اور 'پران پرتیشتھا' نے بھی 1990 کی دہائی کے اوائل کے بعد جب وادی کشمیر میں ملی ٹنسی شروع ہوئی تو پہلی بار کشمیری پنڈت خاندانوں کے ایک گروپ کی ان کے آبائی مقام پر واپس آئے اور شاردا استھپنا کمیونٹی، بڈگام کے/ 6

## زبردست مشقت کے بعد دریائے چناب میں پھنسے 8 لوگ بچائے گئے

### آدھی رات کو ایک فون کال کے بعد ڈوڈہ پولیس کی کوشش کامیاب

جموں/ یو این آئی/ ڈوڈہ پولیس نے ایس ڈی آر ایف اور فوج کی مدد سے ایک جرات مندانہ کارروائی انجام دیتے ہوئے دریائے چناب میں پھنسے آٹھ افراد کو بحفاظت نکال لیا۔ یہ افراد علاقے میں ایک عارضی لکڑی کی بیڑھی پر سوار تھے جو بہتے ہوئے شہتیر اور لکڑی کے تودوں کے درمیان پھنس گئی تھی۔ پولیس ترجمان کے مطابق آدھی رات کے قریب پولیس اسٹیشن عسر کو ایک ہنگامی کال موصول ہوئی کہ دریائے چناب کے بیچوں بیچ آٹھ افراد پھنسے ہوئے ہیں۔ اطلاع ملتے ہی ڈسٹرکٹ پولیس کی کوئیک ری ایکشن ٹیموں کو ایس ڈی آر ایف کے ساتھ تمام ضروری ریسکیو آلات کے ہمراہ جائے موقع پر بھیجا گیا۔ پولیس اور ایس ڈی آر ایف اہلکاروں نے ہائی پاور ٹارچز اور مربوط رہنمائی کے ذریعے پھنسے افراد کو کنارے تک پہنچایا۔ تین گھنٹے تک جاری رہنے والے اس آپریشن کی براہِ راست نگرانی ڈپٹی ایس پی ڈی اے آر/ ایس ڈی آر ایف شری عدل ریشو نے کی جبکہ ایس ایچ او عسر انسپکٹر راکیش بندرال بھی موقع پر موجود رہے۔ اس دوران ایس ایس پی ڈوڈہ سندیپ مہتا (جے کے پی ایس) براہِ راست کمان سنبھالے ہوئے تھے۔فوج کی 48 آر آر یونٹ اور پولیس اسٹیشن بٹوٹ کی ٹیم بھی ریسکیو آپریشن میں شریک رہی۔

## قدرتی آفات سے مصیبت میں پھنسے لوگوں کی بحالی کو تیز کرنے کی ضرورت

### ''من کی بات'' کے 125 ویں نشریہ میں وزیر اعظم کا ہم وطنوں سے خطاب




نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے شدید بارشوں کی وجہ سے قدرتی آفات سے ہونے والے نقصانات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے راحت اور بچاؤ کاموں میں تیزی لانے کی اپیل کی ہے۔ آل انڈیا ریڈیو پر نشر ہونے والے اپنے ماہانہ پروگرام 'من کی بات' کے 125 ویں ایپی سوڈ میں ہم وطنوں سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر مودی نے کہا کہ مانسون کے اس موسم میں قدرتی آفات ملک کو گھیرے ہوئے ہیں۔ لینڈ سلائیڈنگ، بادل پھٹنے، سیلاب جیسے واقعات نے ملک کے کئی حصوں میں تباہی مچا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ چند ہفتوں میں ہم نے سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کی بڑی تباہی دیکھی ہے، کہیں مکانات تباہ ہوئے، کہیں کھیت زیر آب آگئے، خاندان اجڑ گئے، کہیں پل پانی کے تیز بہاؤ میں بہہ گئے، سڑکیں بہہ گئیں، لوگوں کی زندگیاں خطرے میں پڑ گئیں۔ ان واقعات نے ہر ایک ہندوستانی کو اپنے پیاروں کے دکھ درد میں مبتلا کردیا ہے۔ہم میں سے جہاں بھی بحران آیا، وہاں کے/ 8

## ریاسی میں گھر کے سامنے نالہ میں گر کر ماں جان بحق، بیٹا لاپتہ

### شناخت زلفہ بانو اور 11 سالہ بیٹا بشارت احمد کے طور کی گئی

سرینگر/ ضلع ریاسی کے مہورے علاقے میں اتوار کی شام ایک ماں اور اس کا بیٹا گھر کے قریب ایک نالے میں پھسل کر اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ حکام نے بتایا کہ مرنے والوں کی شناخت بشیر احمد کی بیوی زلفہ بانو (41) اور اس کے 11 سالہ بیٹے بشارت احمد، کنسولی مہورے کے رہنے والے کے طور پر کی گئی ہے۔ دونوں اپنے گھر کے قریب سے گزرتے ہوئے دوکھ آرا میں پھسل کر نالے میں جا گرے۔ انہوں نے بتایا کہ خاتون کی لاش برآمد کرلی گئی ہے، جبکہ اس کے بیٹے کی لاش کا سراغ لگانے کی کوششیں جاری ہیں۔ پولیس اور مقامی ٹیمیں تلاشی مہم میں مدد کے لیے موقع پر پہنچ گئی ہیں۔مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔

## میونسپلٹی کا ملازم جتلا کر روپے بٹورنے والا پھنس گیا

### سپاٹ ویری فکیشن کرنے کیلئے ایک شہری سے 15 ہزار روپے لینے کا الزام

جموں/ یو این آئی/ جموں پولیس نے خلاف ورزی انسپکٹر کا روپ دھار کر لوگوں کو دھوکہ دینے کے الزام میں ایک شخص کو گرفتار کیا ہے۔ایک پولیس ترجمان نے بتایا کہ ایڈوکیٹ دیپک سنگھ بلوریا ولد رسل سنگھ بلوریا ساکن سینک کالونی جموں نے پولیس اسٹیشن چھنی ہمت میں ایک کیس درج کیا جس میں الزام لگایا گیا کہ ایک شخص نے میونسپلٹی کے ملازم کا روپ دھا کر ان سے 15 ہزار روپے سپاٹ ویریفکیشن کرنے کے لئے لیے۔انہوں نے کہا کہ پولیس نے اس شکایت پر کارروائی کرکے ظفر ولد حکیم الدین ساکن چھنی راما نزدیک آرمڈ پولیس کمپلیکس جموں کو گرفتار کیا۔ان کا کہنا تھا کہ تفتیش کے دوران ملزم نے انکشاف کیا کہ/ 7

## ڈل جھیل اور نگین جھیل پر شکارا آپریشن معطل کردیا گیا ہے

### بارش، تیز ہواؤں کی پیش گوئی کے طور پر موسم کی ایڈوائزری جاری

سرینگر/ ضلع مجسٹریٹ سری نگر کے دفتر نے 31 اگست سے یکم ستمبر 2025 تک کشمیر ڈویژن کے مختلف حصوں بشمول سری نگر ضلع میں تیز ہواؤں کے ساتھ موسلادھار سے شدید بارشوں کی پیشین گوئی کے بعد ایک عوامی موسم کی ایڈوائزری جاری کی ہے۔ انڈیا میٹرولوجیکل ڈپارٹمنٹ (IMD) کی پیشین گوئیوں کا حوالہ دیتے ہوئے، ایڈوائزری میں رہائشیوں، خاص طور پر فقیر گجری، آس پاس کے علاقوں اور خون موہ میں رہنے والوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ لینڈ سلائیڈنگ اور پانی سے متعلق حادثات کے زیادہ خطرے کی وجہ سے ڈھلوانوں اور آبی ذخائر کے قریب جانے سے گریز کریں۔ بگڑتے ہوئے موسمی حالات کی روشنی میں ڈل جھیل اور نگین جھیل پر شکارا آپریشن معطل کر دیا گیا ہے۔ انتظامیہ نے ریت کی کان کنوں اور دریائے جہلم کے آس پاس کام کرنے والے دیگر افراد کو بھی خبردار کیا ہے کہ وہ اس وقت تک کام روک دیں جب تک دریا اور اس کی معاون ندیوں کا مکمل جائزہ نہیں لیا جاتا۔ عوام کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ چوکس رہیں اور سرکاری چینلز کے ذریعے اپ ڈیٹس پر عمل کریں۔کلیدی ہنگامی رابطہ نمبرز کو فعال کردیا گیا ہے، بشمول/ 9

## وزیر داخلہ کو نقصان سے متعلق رپورٹ پیش کروں گا/ وزیر اعلیٰ

### دورے کے دوران فضائی معائنہ کرکے متاثرہ اضلاع کا جائزہ لیں گے

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کا موجودہ دورہ ریاست صرف اور صرف حالیہ طوفانی بارشوں، کلاؤڈ برسٹ اور فلیش فلڈس سے ہوئے نقصان کا جائزہ لینے کے مقصد سے ہے، اس کے علاوہ کسی اور معاملے پر ان کا ایجنڈا نہیں ہے۔اتوار کو اودھمپور میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا کہ وزیر داخلہ شام دیر گئے جموں پہنچیں گے اور دو روزہ دورے کے دوران وہ فضائی معائنہ کرکے متاثرہ اضلاع کا جائزہ لیں گے، اس کے بعد پیر کو راج بھون میں اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کریں گے۔انہوں نے کہا کہ شاہ صاحب کا یہ دورہ نہ تو سلامتی جائزے کے لیے ہے اور نہ ہی کسی ترقیاتی منصوبے کے سلسلے میں۔ ''وہ یہاں صرف زمینی صورتحال کو دیکھنے اور یہ سمجھنے آرہے ہیں کہ اس سانحہ کے بعد ہمیں مرکز سے کس طرح کی فوری مدد اور تعاون درکار ہے''۔یاد رہے کہ 14 اگست سے خطہ جموں کے متعدد اضلاع کشتواڑ، کٹھوعہ، ریاسی اور رام بن — کلاؤڈ برسٹ، لینڈ سلائیڈ اور اچانک آنے والے سیلاب سے شدید متاثر ہوئے ہیں۔ان آفات میں اب تک 130 سے زائد افراد ہلاک، 120 سے زیادہ زخمی جبکہ/ 10

## محترم گل جان احمد بیگ (نائید کدل) کی اہلیہ انتقال کر گئیں

انتہائی رنج وغم کے ساتھ یہ اطلاع دی جاتی ہے کہ محترمہ نغت آراء زوجہ جناب گلجان احمد بیگ (معروف تاجر کشمیر)، ساکن بابا ڈیمب نائید کدل نزد خانیار پولیس اسٹیشن، مورخہ 31 اگست 2025ء کو انتقال کر گئیں۔(اناللہ وانا الیہ راجعون)۔اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے، ان کی قبر کو منور کرے، درجات بلند فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔ آمین۔ادارہ سرینگر ٹائمز بھی دکھ کی اس گھڑی میں سوگواران سے اظہار تعزیت کرتا ہے مرحومہ کی جنت نشینی کیلئے دُعا گو ہے اور پسماندگان کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔تعزیت پرسی تین دن تک رہے گی۔

# سپورٹس ٹائمز

## بروک ان فارم بلے بازوں کو سفید گیند کے سیٹ اپ کے لیے تحریک دیتے ہیں



لندن، 31 اگست (یو این آئی) ہیری بروک، جو انگلینڈ کے گھریلو وائٹ بال مقابلے 'دی ہنڈریڈ' کا حصہ تھے، نے اپنے ساتھی ناردرن سپر چارجرز ٹیم کے ساتھی زاک کرولی اور جارڈن کاکس کو انگلینڈ کے لیے ون ڈے اور ٹی 20 آئی سیٹ اپ میں جگہ بنانے کے لیے اپنی حالیہ کارکردگی کا بیک اپ لینے کے لیے حوصلہ افزائی کی اپریل میں ہیری بروک کے کپتانی سنبھالنے کے بعد انگلینڈ نے اپنے نئے وائٹ بال دور میں فاتحانہ آغاز کیا ہے، جس نے ویسٹ انڈیز کو ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی دونوں سیریز میں شکست دی تھی۔ دونوں کاکس اور کرولی، جو ہنڈریڈ کے اس سیزن میں بالترتیب سب سے زیادہ اور تیسرے سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑی ہیں، کو آئرلینڈ اور جنوبی افریقہ کے خلاف اسکواڈ میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔ تاہم بروک دونوں بلے بازوں کی تعریفیں کرتے تھے اور انہوں نے کہا کہ ہر فارم میں موجود کھلاڑی اب بھی مکس میں ہے۔ ای ایس پی این کرک انفو نے بروک کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ "ہر کوئی ٹیم میں ہے جو بھی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرے گا۔ کرولی میں واضح طور پر وہ اوصاف ہیں جن کے بارے میں ہم بات کر رہے ہیں: باؤلرز پر ان کی اچھی اور بری گیندوں سے دباؤ ڈالنا؛ وہ فیلڈ میں بہت اچھی طرح سے جوڑ توڑ کرسکتے ہیں۔ وہ تیز گیند بازی کے خلاف اچھا ہے اور وہ اسپن کے خلاف اچھا ہے۔ ان کے پاس انگلینڈ کے لیے وائٹ بال (کرکٹ) کھیلنے کے تمام اوصاف ہیں

## یوکی بھامبری یو ایس اوپن کے اگلے راؤنڈ میں، روہن بوپنا باہر



نیویارک 31 اگست (یو این آئی) ہندوستان کے یوکی بھامبری اور نیوزی لینڈ کے مائیکل وینس کی جوڑی نے امریکہ کے مارکوس گیرون اور لرنر ٹائین کو شکست دے کر یو ایس اوپن مینز ڈبلز کے دوسرے راؤنڈ میں داخلہ حاصل کر لیا۔ دوسری جانب تجربہ کار روہن بوپنا اور ان کے ساتھی موناکو کے رومین آرنیڈو مینز ڈبلز کے پہلے راؤنڈ میں شکست کھا کر ٹورنامنٹ سے باہر ہو گئے۔ ہفتہ کی رات ایک گھنٹہ ایک منٹ تک جاری رہنے والے میچ میں ہندوستان کے یوکی بھامبری اور نیوزی لینڈ کے مائیکل وینس کی 14ویں سیڈ جوڑی نے امریکہ کے مارکوس گیرون اور لرنر ٹائین کو 6-0، 6-3 سے ہرا کر مینز ڈبلز کے دوسرے راؤنڈ میں داخلہ حاصل کیا۔ ہندوستانی ٹینس کھلاڑی بھامبری اور مائیکل وینس پیر کو دوسرے راؤنڈ میں کولمبیا کے گونزالو ایسکوبار اور میکسیکو کے میگوئل ہنجل رئیس وریلا کا مقابلہ کریں گے۔ اس دوران روہن بوپنا اور ان کے ساتھی موناکو کے رومین آرنیڈو کو رابرٹ کیش اور جیمز ٹریسی کی امریکی جوڑی نے 6-4، 6-3 سے شکست دی۔ اس شکست کے ساتھ ہی بوپنا ٹورنامنٹ سے باہر ہو گئے ہیں۔ دوسری جانب ارجن کڈھے اور ان کے جوڑی دار ایکواڈور کے ڈیاگو ہیڈلگو کروشیا کے میٹ پاوک اور ایل سلواڈور کے مارسیلو اریالو سے تین سیٹس میں ہار کر یو ایس اوپن سے باہر ہو گئے۔ ارجن کڈھے اور ڈیاگو ہیڈلگو نے پہلے سیٹ کے 12ویں گیم میں بریک پوائنٹ حاصل کر کے پہلا سیٹ جیت لیا، لیکن ٹائی بریک میں دوسرا سیٹ ہار گئے۔ فیصلہ کن سیٹ کے 10ویں گیم میں ہندوستانی-ایکواڈور کی جوڑی کی سروس ایک بار پھر ٹوٹ گئی اور انہیں 7-5، 7(7)6-(4)، 4-6 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ بپنا اور ایمیڈو کو امریکی جوڑی رابرٹ کیش اور جیمز ٹریسی نے سیدھے سیٹوں میں 4-6، 3-6 سے شکست دی۔ یہ میچ ایک گھنٹہ اور پانچ منٹ تک جاری رہا، جس میں امریکی جوڑی نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا۔ پہلے سیٹ میں کیش اور ٹریسی نے تین میں سے ایک بریک پوائنٹ پر کامیابی حاصل کی جبکہ بپنا اور ایمیڈو کو ایک بھی بریک موقع نہیں ملا۔ یہی سلسلہ دوسرے سیٹ میں بھی جاری رہا جہاں امریکی جوڑی نے سات میں سے دو بریک پوائنٹ پر قبضہ جمایا اور بھارتی-موناکو جوڑی کو کوئی موقع نہ دیا۔

## انکت اور راشد ساؤتھ زون کی ٹیم میں شامل



بنگلورو 31 اگست (یو این آئی) ساؤتھ زون نے پڈوچیری کے آل راؤنڈر انکت شرما اور آندھرا پردیش کے ٹاپ آرڈر بلے باز شیخ رشید کو 4 ستمبر سے شروع ہونے والے دلیپ ٹرافی سیمی فائنل کے لیے کپتان تلک ورما اور آر سائی کشور کی جگہ اپنی ٹیم میں شامل کیا ہے۔ تلک ایشیا کپ میں منتخب ہونے کی وجہ سے دلیپ ٹرافی کے آئندہ میچ میں نہیں کھیل سکیں گے۔ کیرالہ کے وکٹ کیپر بلے باز محمد اظہر الدین کو نائب کپتان مقرر کیا گیا، اس لیے وہ تلک کی غیر موجودگی میں ٹیم کی قیادت کرتے نظر آئیں گے۔ سائی کشور انگلی کی چوٹ کی وجہ سے چنئی میں بوچی بابو ٹورنامنٹ نہیں کھیل سکے تھے۔ 34 سالہ انکت 25-2024 رنجی سیزن میں پڈوچیری کے لیے دوسرے سب سے زیادہ وکٹ لینے والے بولر تھے، انہوں نے سات میچوں میں 28.85 کی اوسط سے 24 وکٹیں حاصل کیں۔ راشد نے آندھرا کے لیے 12 اننگز میں 52.25 کی اوسط سے سب سے زیادہ 627 رنز بنائے جس میں ڈبل سنچری بھی شامل تھی۔ راشد اور انکت دونوں کو ساؤتھ زون کی ٹیم میں اسٹینڈ بائی کھلاڑی کے طور پر شامل کیا گیا تھا۔ سیمی فائنل میں ساؤتھ زون کا مقابلہ نارتھ زون سے ہو گا۔ دوسرے سیمی فائنل میں سنٹرل زون اور ویسٹ زون کا ٹکراؤ ہو گا۔ سیمی فائنل کے لیے ویسٹ زون کی ٹیم اس طرح ہے:- محمد اظہر الدین (کپتان اور وکٹ کیپر)، این جگدیسن (نائب کپتان)، تنمے اگروال، شیخ رشید، دیو دت پڈیکل، موہت کالے، سلمان نظر، ٹی وجے، انکیت شرما، تنئے تیاگراجن، نِکّی وجاکی، ایم ڈی بھوکی، وِجی، تنئے تیاگراجن۔ این پی، گرجاپنیت سنگھ اور سنیہل کو تھنکر۔

## ہندوستان جاپان کو شکست دے کر ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں




راجگیر، 31 اگست (یو این آئی) کپتان ہرمن پریت سنگھ کے دو گول کی بدولت ہندوستانی ہاکی ٹیم نے اتوار کو جاپان کو ہرا کر ہیرو ایشیا کپ کے سیمی فائنل میں داخلہ حاصل کیا ہندوستان نے آج یہاں راجگیر ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں جاپان کو 2-3 سے شکست دی ہندوستانی کپتان ہرمن پریت سنگھ نے اہم گول اسکور کیے۔ اس مقابلے میں ہندوستانی ٹیم کی یہ مسلسل دوسری جیت ہے میچ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ابھیشیک کو پلیئر آف دی میچ منتخب کیا گیا پہلے کوارٹر کے چوتھے منٹ میں مندیپ سنگھ نے فیلڈ گول کر کے اپنی ٹیم کو 0-1 کی برتری دلادی۔ اس کے بعد پانچویں منٹ میں ہرمن پریت نے ایک اور گول کر کے اسکور کو 0-2 کر دیا۔ تیسرے کوارٹر کے 38ویں منٹ میں جاپان کے کوسی کاوابے نے فیلڈ گول کر کے اسکور 1-2 کر دیا۔ اس کے بعد چوتھے کوارٹر کے آغاز میں 46ویں منٹ میں ہرمن پریت نے پنالٹی کارنر کا فائدہ اٹھایا اور گول کر کے برتری کو 1-3 کر دیا۔ میچ کے آخری 59 ویں منٹ میں کاوابے نے جاپان کے لیے فیلڈ گول کر کے اسکور 2-3 کر دیا۔ ہرمن پریت سنگھ کو آخری لمحات میں یلو کارڈ دکھایا گیا۔ ہندوستان کے پاس صرف 10 کھلاڑی باقی تھے لیکن اس نے سست رفتاری سے کھیلنا جاری رکھا اور اپنی معمولی برتری کو برقرار رکھا اور جیت لیا۔ اس جیت کے ساتھ ہی ہندوستانی ٹیم نے ٹورنامنٹ کے آخری چار میں جگہ بنالی ہے۔ ایک اور میچ میں چین نے قازقستان کو 1-13 سے شکست دی۔

## تمیم اقبال نے بنگلادیش کرکٹ بورڈ کے انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا

ڈھاکہ، 31 اگست (یو این آئی) بنگلادیش کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان تمیم اقبال نے کرکٹ ایڈمنسٹریشن میں آنے کا فیصلہ کر لیا۔ بنگلادیشی میڈیا کے مطابق تمیم اقبال نے بنگلادیش کرکٹ بورڈ کے جلد ہونے والے انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ تمیم اقبال نے بورڈ کے انتخابی طریقہ کار پر غور کرنا شروع کر دیا ہے۔ آئندہ ہفتے کے دوران بی سی بی انتخابات کے حوالے سے فیصلہ ہو گا۔ واضح رہے کہ تمیم اقبال نے جنوری 2025ء میں کرکٹ سے ریٹائرمنٹ لے لی تھی۔ تمیم اقبال کچھ عرصہ قبل دل کی تکلیف کا شکار ہوئے تھے اور ان کی کرکٹ میں مختصر واپسی ہوئی تھی۔




## محمد حارث نے لگاتار 8 میچز میں ناکام ہونے کے بعد غصے میں اپنا بلہ توڑا



اسلام آباد، 31 اگست (یو این آئی) پاکستان ٹیم کے بلے باز محمد حارث نے لگاتار 8 میچز میں ناکام ہونے کے بعد اپنا بلہ توڑ دیا۔ شارجہ میں پاکستان، افغانستان اور متحدہ عرب امارات کی ٹیموں کے درمیان جاری سہ فریقی سیریز کے دوسرے ٹی 20 انٹرنیشنل میں پاکستان نے مسلسل دوسری فتح حاصل کی۔ پاکستان نے دوسرے ٹی 20 میں متحدہ عرب امارات کو 31 رنز سے شکست دی، تاہم میچ میں وکٹ کیپر بلے باز محمد حارث صرف دوسری گیند پر ایک رن بنانے کے بعد آؤٹ ہو گئے۔ محمد حارث یو اے ای کے خلاف ایک رن بنا کر آؤٹ ہوئے تو غصے میں آگئے اور اپنا بیٹ زمین پر دے مارا جس سے بیٹ ٹوٹ گیا، اور یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ نوجوان بلے باز محمد حارث کے غصے میں آنے کی وجہ ان کی مسلسل ناکامی ہے، انہوں نے لگاتار 8 میچز میں ناکام ہونے کے بعد یہ حرکت کی۔ محمد حارث نے یکم جون 2025 کو لاہور میں بنگلہ دیش کے خلاف ٹی 20 میچ میں 46 گیندوں پر 107 رنز کی جارحانہ اننگز کھیل کر ٹیم کی جیت میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ تاہم، اس میچ کے بعد ٹیم مینجمنٹ کی جانب سے محمد حارث کی پوزیشن مسلسل تبدیل کی گئی اور انہیں کسی ایک نمبر پر بیٹنگ کا موقع نہیں دیا گیا جس سے وہ گزشتہ 8 اننگز میں نمایاں کارکردگی نہ دکھا سکے۔ گزشتہ 8 اننگز میں ان کا سب سے بڑا اسکور 15 رنز رہا جب کہ ایک اننگز میں وہ ناٹ آؤٹ رہے، محمد حارث نے دورہ بنگلہ دیش میں 4، 0، 5 رنز کی اننگز کھیلی جب کہ دورہ ویسٹ انڈیز میں 6 ناٹ آؤٹ، 4 اور 2 رنز بنائے، سہ فریقی سیریز میں افغانستان کے خلاف 15 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے اور گزشتہ روز ایک رن پر پویلین واپس لوٹے۔

## ہریانہ کھیلوں میں سپر پاور ہے، ہمارے کھلاڑیوں کے پاس سب سے زیادہ تمغے ہیں / پنوار



سونی پت، 31 اگست (یو این آئی) ہریانہ کے پنچایتی راج اور ترقی کے وزیر کرشن لال پنوار نے اتوار کو کہا کہ ہریانہ کھیلوں میں ایک سپر پاور ہے، اولمپکس ہو یا ایشیاڈ، ہمارے کھلاڑی سب سے زیادہ تمغے حاصل کرتے ہیں۔ مسٹر پنوار نے آج یہاں سیکٹر-4 کے اسپورٹس اسٹیڈیم میں منعقدہ ضلعی سطح کے یوم پیدائش اسپورٹس ڈے پروگرام میں میجر دھیان چند کو سلام کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ریاست کے عوام کو یوم کھیل کی مبارکباد دی اور ریاستی حکومت کی کھیلوں کی پالیسیوں اور کامیابیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہریانہ کھیلوں میں ایک سپر پاور ہے، اولمپکس ہو یا ایشیاڈ، ہمارے کھلاڑی سب سے زیادہ تمغے حاصل کرتے ہیں۔ قبل ازیں، اسپورٹس ڈے کے موقع پر انہوں نے نشہ مکت ہریانہ مہم کے تحت منعقدہ سائیکلتھون کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج موسلادھار بارش کی وجہ سے بھی سینکڑوں کی تعداد میں یہاں پہنچنے والے نوجوانوں کا جذبہ اور جوش اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ ہندوستان کا مستقبل سنہری ہے اور ان نوجوانوں کی طاقت سے ہمارا ملک سال 2047 تک ترقی کرے گا اور میدان میں اپنا یا عروج حاصل کرے گا۔ کابینی وزیر نے کہا کہ جیسے ہی میجر دھیان چند کا نام ہمارے ذہن میں آتا ہے ہاکی کی حیرت انگیز مہارت اور ہدف کی تصویر ہمارے سامنے ابھرتی ہے۔ ان کی زندگی جدوجہد اور نظم و ضبط کی علامت ہے۔ انہوں نے ثابت کیا کہ کھیل صرف جسمانی سرگرمی نہیں بلکہ کردار سازی، نظم و ضبط اور ٹیم اسپرٹ کا ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی کی قیادت میں ہریانہ میں کھیلوں کے میدان میں بنیادی ڈھانچہ تیار کیا گیا ہے۔ ریاست میں ایک ہزار 489 کھیلوں کی نرسریاں چل رہی ہیں اور 37 ہزار 225 کھلاڑی ان میں تربیت حاصل کر رہے ہیں۔

## ہاکی انڈیا نے کرشن بی پاٹھک کو 150 بین الاقوامی میچ مکمل کرنے پر مبارکباد



راجگیر، 31 اگست (یو این آئی) ہاکی انڈیا نے اتوار کو ہندوستانی مرد ہاکی ٹیم کے گول کیپر کرشن بی پاٹھک کو 150 ویں بین الاقوامی میچ مکمل کرنے پر مبارکباد دی۔ پنجاب کے کپورتھلہ کے رہنے والے 28 سالہ کرشن بی پاٹھک نے راجگیر ہاکی اسٹیڈیم میں جاری ہیرو مینز ایشیا کپ راجگیر بہار 2025 کے ہندوستان کے دوسرے میچ میں جاپان کے خلاف یہ شاندار کارنامہ انجام دیا۔ اپنی چستی اور مستقل مزاجی کے لیے پہچانے جانے والے پاٹھک سب سے پہلے ہندوستانی جونیئر مردوں کی ہاکی ٹیم کا حصہ بن کر نکھر کر سب کے سامنے آئے جس نے لکھنؤ میں 2016 کے ایف آئی ایچ جونیئر ورلڈ کپ میں طلائی تمغہ جیتا تھا۔ انہوں نے جنوری 2018 میں چار ملکی ٹورنامنٹ میں جاپان کے خلاف اپنی سینئر ٹیم میں ڈیبیو کیا اور جلد ہی ٹیم میں اپنی جگہ مضبوط کرلی۔ اس کے بعد سے وہ ہندوستان کی بہت سی مشہور فتوحات کا حصہ رہے ہیں، جن میں 2018 کی ایشین چیمپئنز ٹرافی (پاکستان کے ساتھ مشترکہ گولڈ)، ہانگزو میں 2022 کے ایشین گیمز کا گولڈ اور 2023 اور 2024 میں لگاتار ایشین چیمپئنز ٹرافی ٹائٹل شامل ہیں۔ انہیں ہاکی انڈیا بلجیت سنگھ کے سال 2018 کے ایوارڈ سے نوازا گیا ہے اور 2024 میں باوقار ارجن ایوارڈ، پیرس 2024 اولمپک گیمز کے بعد تجربہ کار گول کیپر پی آر سریجیش کی ریٹائرمنٹ کے بعد پاٹھک ہندوستان کے قابل بھروسہ اور پہلی پسند کے گول کیپر رہے ہیں۔ 150 میچوں کے سنگ میل پر بات کرتے ہوئے کرشن بی پاٹھک نے کہا کہ "یہ میرے اور میرے خاندان کے لیے ایک بہت ہی خاص لمحہ ہے۔ 150 بار ہندوستان کی نمائندگی کرنا ایک خواب ہے جس کا میں نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا جب میں نے کپورتھلہ میں ہاکی کھیلنا شروع کیا تھا۔ لیے اتنے اہم ٹورنامنٹ کے دوران آئی ہے۔

# وزیر اعظم نے من کی بات میں کہا کہ شہڈول مدھیہ پردیش کے فٹ بال کھلاڑی جرمنی میں تربیت حاصل کریں گے



بھوپال، 31 اگست (یواین آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے ریڈیو پروگرام 'من کی بات' کے 125 ویں ایپی سوڈ میں مدھیہ پردیش کے شہڈول ضلع کے بدھر گاؤں کے فٹ بال کھلاڑیوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کے منتخب کھلاڑی اب جرمنی جاکر تربیت حاصل کریں گے۔ مسٹر مودی نے کہا کہ جرمنی کے فٹ بال کوچ ڈیٹمار بائرسڈوفر شہڈول میں فٹ بال کے تئیں نوجوانوں کے جوش و جذبے سے بہت متاثر ہوئے ہیں۔ انہوں نے ہندوستان میں جرمن سفارت خانے سے رابطہ کیا ہے اور جرمنی کی فٹ بال اکیڈمی میں شہڈول کے کھلاڑیوں کو تربیت دینے کی خواہش ظاہر کی ہے۔ اس سلسلے میں مدھیہ پردیش حکومت نے بھی ان سے رابطہ کیا ہے۔ مدھیہ پردیش کے شہڈول ضلع کے بدھر گاؤں کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ یہ گاؤں فٹ بال کے شوق اور اجتماعی کوششوں کی وجہ سے ایک خاص شناخت بنا رہا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وہ دو سال قبل شہڈول میں اپنے قیام کے دوران اس گاؤں میں گئے تھے اور ان سے ملاقات کے بعد وہاں کے فٹ بال کھلاڑیوں کے زندگی کے سفر سے بے حد متاثر ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ فٹ بال کے تئیں اس گاؤں کے نوجوانوں کی لگن اور جدوجہد کی کہانی متاثر کن ہے۔ مسٹر مودی نے بتایا کہ حال ہی میں انہوں نے مشہور پوڈکاسٹر لیکس فریڈمین کے پروگرام میں شرکت کی تھی، جہاں انہوں نے شہڈول کے گاؤں بدھر اور وہاں کے نوجوانوں کی فٹ بال سے محبت کا ذکر کیا۔ یہ بحث جرمنی تک پہنچی اور وہاں کے فٹ بال کوچ ڈیٹمار بائرسڈوفر نے جرمنی کی فٹبال اکیڈمی میں شہڈول کے کھلاڑیوں کو تربیت دینے کی خواہش ظاہر کی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وسائل کی کمی کے باوجود بدھر گاؤں کے بچے بانس کی چھڑیوں سے گول پوسٹ بنا کر اور پرانے جوتوں میں مشق کر کے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منورہے ہیں۔ آج ان کی جدوجہد اور جذبہ بین الاقوامی سطح پر بھی اپنی شناخت بنا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مثال ثابت کرتی ہے کہ ہندوستان کے دیہی اور قبائلی علاقوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے، ضرورت صرف اس کی نشاندہی کرنے اور اسے موقع دینے کی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ یہ شہڈول کے نوجوانوں کی محنت اور جذبے کا نتیجہ ہے جس کی وجہ سے انہیں بین الاقوامی سطح پر مواقع مل رہے ہیں۔ انہوں نے فٹ بال کے شائقین پر زور دیا کہ وہ شہڈول جائیں اور وہاں رونما ہونے والے کھیلوں کے انقلاب کو قریب سے دیکھیں۔

# قومی کھیلوں کے دن پر 800 کلو میٹر سائیکل یاترا کا شاندار اختتام



نئی دہلی، 31 اگست (یواین آئی) ملک میں کھیلوں اور فٹنس کو فروغ دینے کے مقصد سے میجر دھیان چند نیشنل اسپورٹس فیسٹیول کے تحت فزیکل ایجوکیشن فاؤنڈیشن آف انڈیا (پی ایف ایف آئی) کے زیر اہتمام 800 کلومیٹر طویل سائیکل مہم اتوار کو میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم میں شاندار اختتام کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔ مرکزی وزیر کھیل ڈاکٹر منسکھ مانڈویانے 'قومی کھیلوں کے دن' پر منعقد تین روزہ قومی کھیل فیسٹیول کے آخری دن منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر اپنے پیغام میں ڈاکٹر مانڈویا نے کہا کہ کھیل صرف مقابلے کا ذریعہ نہیں بلکہ زندگی گزارنے کا فن ہے۔ فٹ انڈیا موومنٹ جیسی مہموں کا مقصد ہر شہری کو صحت مند اور فعال زندگی کی طرف راغب کرنا ہے۔ یہ مہم وزیر اعظم نریندر مودی کے 'ترقی یافتہ ہندوستان 2047' کے وژن کو پورا کرنے کی سمت ایک اہم قدم ہے، کیونکہ ایک صحت مند ہندوستان مضبوط ہندوستان کی بنیاد ہے۔ فٹ انڈیا موومنٹ، اسپورٹس اتھارٹی آف انڈیا اور برہما کماری اسپورٹس ونگ کے اشتراک سے منعقد کی گئی 800 کلو میٹر لمبی سائیکل مہم، جو 24 اگست کو پریاگ راج سے شروع ہوئی اور مختلف شہروں اور قصبوں میں فٹنس کا پیغام پھیلایا، آج میجر دھیان چند نیشنل اسٹیڈیم میں اپنے آخری پڑاؤ پر پہنچی۔ یہاں اسے فٹ انڈیا موومنٹ کے تحت اسپورٹس اتھارٹی آف انڈیا کے زیر اہتمام اتوار کو سائیکل پر مشہور فٹنس ایونٹ کے ساتھ ملایا گیا۔ اس موقع پر نہ صرف سیکڑوں سائیکلنگ کے شوقین افراد نے شرکت کی بلکہ ملک بھر میں کھیلوں کی اہمیت، فعال طرز زندگی اور صحت کے حوالے سے نئی توانائی کو فروغ دیا۔ اس موقع پر پی ای ایف آئی کے قومی سکریٹری ڈاکٹر پیوش جین نے کہا کہ اس سائیکل مہم کا آغاز پریاگ راج سے کیا گیا تھا، وہاں کا ماحول جوش اور توانائی سے بھرا ہوا تھا۔ اس تاریخی لمحے میں اتر پردیش حکومت کے نوجوانوں کے امور اور کھیل کے وزیر مسٹر گریش چندر یادو اور مسٹر رمیش چندر مشرا (ایم ایل اے، بدلاپور) نے اس مہم کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ ان کے حوصلہ افزا الفاظ نے شرکاء کو نئے جوش سے بھر دیا۔ یہ سفر صرف سائیکلنگ کا سفر نہیں تھا، بلکہ فٹ انڈیا صحت مند ہندوستان کے پیغام کو عوام تک پہنچانے کا مشن تھا۔ سائیکلسٹ ٹیم کا راستے میں چھوٹے بڑے شہروں اور قصبوں میں شاندار استقبال کیا گیا۔

# دلیپ ٹرافی کے سیمی فائنل میں نارتھ زون اور سینٹرل زون



بنگلورو 31 اگست (یواین آئی) نارتھ زون اور سنٹرل زون نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے زبردست برتری کی بنیاد پر اتوار کو دلیپ ٹرافی کے سیمی فائنل میں جگہ بنالی۔ نارتھ زون نے دو وکٹوں پر388 رنز سے کھیلنا شروع کیا۔ آج صبح یہاں کپتان انکت کمار اور آیوش بدونی نے اپنی ٹیم کو بڑے اسکور کی طرف لے گئے۔ اس دوران 444 کے اسکور پر مختار حسین نے ڈبل سنچری کی طرف بڑھنے والے انکت کمار کو آؤٹ کر کے پویلین بھیج دیا۔ انکت کمار صرف دو رنز سے اپنی ڈبل سنچری سے محروم ہوگئے۔ انہوں نے 321 گیندوں پر 19 چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 198 رنز کی اننگز کھیلی۔ اس کے بعد نشانت سندھو (68) چوتھی وکٹ کے طور پر آؤٹ ہوئے۔ آیوش بدونی کی ڈبل سنچری کے بعد نارتھ زون نے اپنی اننگز 146.2 اوور میں چار وکٹ پر 658 رنز پر ڈکلیئر کردی۔ نارتھ زون نے ایسٹ زون کے خلاف 833 رنز کی بھاری برتری کی بنیاد پر سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا۔ آیوش بدونی نے 223 گیندوں پر 13 چوکوں اور تین چھکوں کی مدد سے ناٹ آؤٹ 204 رنز بنائے۔ کنہیا وادھاون 23 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ نارتھ زون نے پہلی اننگز میں 405 رنز بنائے۔ دوسری اننگز چار وکٹوں پر 658 کے اسکور پر ڈکلیئر کردی گئی۔ اس نے اپنی پہلی اننگز میں 230 رنز بنائے اور دوسری میں بلے بازی نہ کرسکے۔ ایک اور کوارٹر فائنل میں نارتھ ایسٹ زون کا 679 رنز کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے آغاز اچھا نہیں رہا اور 40 رنز کے اسکور پر دو وکٹیں گنوادیں۔ کرن جیت یمنم (17) اور ٹیچی ڈوریا 15 رنز بنانے کے بعد آؤٹ ہوئے۔ جیہو اینڈرسن نے آشیش تھاپا کے ساتھ مل کر اننگز کو سنبھالنے کی کوشش کی۔ اس دوران آدتیہ ٹھاکرے نے آشیش تھاپا (13) کو اپنا شکار بنایا۔ کپتان رونگسن جوناتھن اور جیہو اینڈرسن نے جدوجہد کی اور چوتھی وکٹ کے لیے 90 رنز جوڑے۔ 49ویں اوور میں ٹھاکرے نے جیہو اینڈرسن (64) کو آؤٹ کیا اور پھر ہرش دوبے نے رونگسن جوناتھن (60) کو آؤٹ کیا۔

# ساتوِک - چِراغ کی جوڑی نے جیتا کانسے کا تمغہ



پیرس، 31 اگست (یواین آئی) ساتوک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی ہندوستانی جوڑی کو بی ڈبلیو ایف ورلڈ چیمپئن شپ 2025 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے مردوں کے ڈبلز سیمی فائنل میں شکست کے بعد کانسے کے تمغے پر اکتفا کرنا پڑا۔ ہفتہ کے روز ایک گھنٹے سات منٹ تک چلے مقابلے میں نویں سیڈ ساتوک اور چراغ شیٹی کو چین کے چن بو یانگ اور لیو یی نے 21-19، 18-21، 21-12 سے شکست دی۔ ورلڈ چیمپئن شپ میں ساتوِک - چراغ کی جوڑی کا یہ دوسرا کانسے کا تمغہ ہے۔ اس سے قبل انہوں نے ٹوکیو میں 2022 میں ہوئے بی ڈبلیو ایف ورلڈ چیمپئن شپ میں بھی کانسے کا تمغہ جیتا تھا۔ ہندستانی جوڑی نے میچ کی شاندار شروعات کی اور 4-0 کی سبقت حاصل کی۔ مڈ-گیم بریک تک 11-5 کی برتری قائم رکھی، لیکن اس کے بعد چینی جوڑی نے واپسی کرتے ہوئے 14-13 کی برتری حاصل کرلی اور پھر یہ برتری برقرار رکھتے ہوئے پہلا گیم جیت لیا۔ دوسرے گیم میں ساتوک اور چراغ شیٹی نے 5-1 کی برتری حاصل کی، لیکن چینی جوڑی نے اسے 11-9 تک پہنچا دیا۔ تاہم ایک بار پھر ساتوِک اور چراغ نے اپنی گرفت مضبوط کی اور 16-11 کی برتری حاصل کرلی۔ اس کے بعد چن بو یانگ اور لیو یی نے شاندار واپسی کرتے ہوئے اسکور برابر کردیا، لیکن 32 شاٹس کی سنسنی خیز ریلی نے ساتوک - چراغ کو گیم پوائنٹ دلا کر میچ کو فیصلہ کن گیم تک پہنچا دیا۔ فیصلہ کن گیم میں چن بو یانگ اور لیو یی نے زبردست آغاز کرتے ہوئے 9-0 کی بڑی سبقت حاصل کرلی اور ہندوستانی بیڈمنٹن کھلاڑیوں کو شکست دے کر فائنل میں اپنی جگہ مستحکم کرلی۔ اسی کے ساتھ ہی اس ٹورنامنٹ میں ہندوستان کا سفر ختم ہو گیا۔

# حسن اور کیروس نے سڈنی میراتھن میں نیا کورس ریکارڈ قائم کرتے ہوئے خطاب جیت لیا



سڈنی، 31 اگست (یواین آئی) اولمپک چیمپئن سفان حسن اور ایتھوپیا کے ہائلمریام کیروس نے اتوار کو سڈنی میراتھن میں نیا کورس ریکارڈ قائم کرتے ہوئے ٹائٹل جیت لیا، واضح رہے کہ سڈنی میراتھن پہلی بار ورلڈ میراتھن میجرز سیریز کا حصہ بنی ہے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کی رپورٹ کے مطابق ہالینڈ کی سفان حسن نے 2 گھنٹے 18 منٹ 22 سیکنڈ میں فنش لائن عبور کی اور کینیا کی سابق عالمی ریکارڈ ہولڈر بریگیڈ کوسگے کو پیچھے چھوڑ دیا، جبکہ گزشتہ سال کی فاتح ورکینش ایڈیسہ تسرے نمبر پر رہیں۔ مردوں کی دوڑ میں ہائلمریام کیروس نے تقریباً 30 کلومیٹر کے مقام پر اڈیسو گوبینا کے ساتھ نمایاں برتری حاصل کی اور آخری لمحات میں اپنے ہم وطن کو پیچھے چھوڑتے ہوئے 2 گھنٹے 06 منٹ 06 سیکنڈ میں فتح حاصل کی، گوبینا دوسرے جبکہ لیسوتھو کے تیبیلو راما کونگوانا تیسرے نمبر پر رہے۔ گزشتہ سال 40 برس کے ہونے والے کینیا کے لیجنڈ ایلیوڈ کپوگے 2 گھنٹے 08 منٹ 31 سیکنڈ میں فنش لائن عبور کر کے نویں نمبر پر رہے۔ سڈنی نے دھوپ اور خوشگوار موسم میں 35 ہزار رنرز کی میزبانی کی، جبکہ یہ ریس نیویارک، لندن، بوسٹن، شکاگو، ٹوکیو اور برلن کے ساتھ ایلیٹ سرکٹ کا حصہ بنی۔ راما کونگوانا نے تقریباً 35 ہزار رنرز کے ہجوم میں نمایاں رہتے ہوئے شہر کے مشہور ہاربر برج پر مردوں کی دوڑ کی قیادت کی، لیکن جلد ہی وہ 25 رنرز پر مشتمل نمایاں گروپ میں ضم ہوگئے۔ 20 سالہ گوبینا، جو اپنا چوتھا میراتھن دوڑ رہے تھے، نے اُس وقت رفتار بڑھائی جب نمایاں رنرز سینٹینیئل پارک سے گزر رہے تھے، مگر کیروس اُن کے ساتھ ڈٹے رہے اور آسٹریلیا کی سرزمین پر اب تک کا سب سے تیز میراتھن جیت کر باآسانی فاتح بنے۔

# ہرارے ون ڈے میں سلو اوور ریٹ پر سری لنکا پر جرمانہ



دبئی، 31 اگست (یواین آئی) سری لنکا پر ہرارے میں پہلے ون ڈے میچ میں سلو اوور ریٹ کی وجہ سے اس کی میچ فیس کا پانچ فیصد جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ یہ جرمانہ ایمریٹس آئی سی سی ایلیٹ پینل آف میچ ریفریز کے جیف کرو کی جانب سے آئی سی سی کوڈ آف کنڈکٹ برائے کھلاڑیوں اور پلیئر سپورٹ اسٹاف کے آرٹیکل 2.22 کے مطابق مقررہ وقت سے کم ایک سائیڈ پر گیند کرنے پر عائد کیا گیا۔ کھلاڑیوں اور پلیئر سپورٹ اسٹاف کے لیے آئی سی سی کے ضابطہ اخلاق کا آرٹیکل 2.22 کم از کم اوور ریٹ کے جرم سے متعلق ہے، مقررہ وقت میں ہر اوور نہ کرانے پر کھلاڑیوں پر میچ فیس کا پانچ فیصد جرمانہ عائد کیا جاتا ہے۔ سری لنکا کے کپتان چارتھ اسلانکا نے جرم اور مجوزہ جرمانہ قبول کیا۔ اس لیے اس پر باقاعدہ سماعت کی ضرورت نہیں پڑی۔


## Sad Demise

With profound grief and sorrow, it is informed that Mrs. Nighat Ara, wife of Mr. Guljan Ahmad Beigh (a well-known businessman of Kashmir), resident of Baba Demb, Naid Kadal, near Khanyar Police Station, left for her heavenly abode on 31st August 2025, corresponding to 6th Rabi' Al-Awwal 2025 1447 AH.

*Inna Lillahi wa Inna Ilayhi Raji'un*

We pray to Almighty Allah to grant her forgiveness, mercy and a place in Jannat-ul-Firdous. Heartfelt condolences are extended to the bereaved family. May Allah grant them strength and patience to bear this irreparable loss. The mourning will be observed for only three days

**Bereaved Family**


# فیلکس اوگر الیاسیمے یو ایس اوپن کے چوتھے دور میں داخل



نیویارک، 31 اگست (یو این آئی) کناڈیائی اسٹار ٹینس کھلاڑی فیلکس اوگر الیاسیمے نے ایک بار پھر اپنے کیریئر کی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تیسری سیڈ الیگزینڈر زویریف کو شکست دے کر یو ایس اوپن 2025 کے چوتھے راؤنڈ میں داخلہ حاصل کرلیا۔ لوئس آرمسٹرانگ اسٹیڈیم میں ہفتے کی رات کھیلے گئے میچ میں 25 سالہ فیلکس اوگر الیاسیمے نے زویریریف کو 6-4، 6-7(7)، 6-4، 6-4 سے شکست دینے کے لئے جارحانہ ماسٹر کلاس کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے 23 فورہینڈز سمیت 50 ونرس کے ساتھ فتح حاصل کی۔ اس وقت 27 ویں نمبر پر قابض اوگر الیاسیم نے اب تک سرفہرست پانچ حریف کے خلاف اپنی پہلی گرینڈ سلیم جیت درج کی ہے۔ وہ اپنی پچھلی 11 کوششوں میں صرف دوبار ہی سلیم کے آخری 16 تک پہنچے ہیں اور کوارٹر فائنل میں ان کا مقابلہ 15 ویں سیڈ آندرے روبلیو سے ہوگا۔ اوگر الیاسیم نے میچ کے بعد کہا "یہ بہت اچھا لگ رہا ہے۔ کام ابھی مکمل نہیں ہوا ہے لیکن یہ میرے لیے کافی معنی رکھتا ہے۔ آج رات سب کچھ بہت اچھا ہوا"۔

# جھارکھنڈ نے تیسرا سب جونیئر گرلز نیشنل فٹبال چیمپئن شپ جیتا



جورہاٹ، 31 اگست (یو این آئی) جھارکھنڈ نے تیسرا سب جونیئر گرلز نیشنل فٹبال چیمپئن شپ جیت لیا ہے، آسام میں واقع جورہاٹ اسٹیڈیم میں جھارکھنڈ نے فٹ بال چیمپئن شپ 26-2025 ٹئر1، میں منی پور کو سنسنی خیز فائنل میں 2-3 سے شکست دی ہے۔ پہلے ہاف کے بعد جھارکھنڈ نے 45 ویں منٹ میں ہاف ٹائم سے پہلے ہی تعطل کو توڑا اور وانخوم لانتھوئی چانو نے گول کر دیا، وقفے کے فوراً بعد انامیکا کماری نے ایک بہترین کراس پر دوسرا گول کیا اور اسکور دو۔ صفر کر دیا۔ 56 ویں منٹ میں لانتھوئی نے منی پور کی امید جگائی، ہاف وے لائن کے قریب سے طویل فاصلے کا گول کر دیا۔

# NATIONAL SPORTS DAY CELEBRATED WITH EXHIBITION HOCKEY MATCH IN SRINAGAR






Srinagar,News Desk: To commemorate National Sports Day and honor the legacy of hockey legend Major Dhyan Chand, Hockey Jammu & Kashmir, in collaboration with the J&K Sports Council, organized a vibrant Exhibition Hockey Match at the historic Polo Ground, Srinagar.The event was graced by Mr. Sarmad Hafeez, Commissioner Secretary, Social Welfare Department, Government of Jammu & Kashmir, as the Chief Guest, and Ms. Nuzhat Gul, Secretary, J&K Sports Council, as the Guest of Honour.The match showcased the growing talent and enthusiasm for hockey in the region, featuring top players from across Jammu & Kashmir. Among the dignitaries present were well-known sports personalities including Mr. Rave Raj, Mr. Raja Ghulam Nabi Wani, Mr. Syed Jameel Mustafa, and several other respected figures associated with Hockey J&K.Speaking at the occasion, Mr. Sarmad Hafeez praised the efforts of the organizers and lauded the commitment of young players. "It is heartening to witness such energy and dedication among our athletes. Events like these not only promote sports but also instill discipline, teamwork, and a sense of pride in our youth," he said. He extended his warm congratulations to all players and participants for their outstanding spirit and performance.Ms. Nuzhat Gul also congratulated the players and commended Hockey J&K for organizing the event in a befitting manner. She emphasized the importance of nurturing local talent and ensuring continued support for sports at the grassroots level.The event concluded with a vote of thanks and a shared commitment to strengthening the sports ecosystem in Jammu & Kashmir.


## مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گام میں ہو رہے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "سرینگر ٹائمز" کھیل کے تئیں دلچسپی رکھنے والوں کے لئے سپورٹس صفحہ پر ایک مخصوص کالم فراہم کر رکھا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی سرگرمیاں تصویر کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ہمارے ای میل ایڈریس یا پھر تحریری طور کھیل کی مکمل تفصیلات ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کر سکتے ہیں

نوٹ: (۱) جس کے لئے آپ کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں جو کہ ادارہ کی طرف سے وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مفت شائع ہوتا ہے

(۲) سپورٹس ٹائمز کے صفحہ پر شائع ہونے والی مقامی خبروں کے علاقہ مقامی ٹورنامنٹس کی خبریں جو شائع ہوتی ہے یہ تمام اشتہارات ادارہ وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور نیک نیتی کے ساتھ شائع کرتا ہے ادارہ کسی غلط نتیجہ کا ذمہ دار نہیں۔ کھلاڑی ٹورنامنٹس میں حصہ لینے سے قبل اپنی طرف سے ان کو جانچ لیا کریے۔ (ادارہ)

مکمل پتہ: ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر۔190001

email: saahil.srinagartimes@gmail.com

مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں: 0194-2456781


Printed and Published by: **SAHIL YOUSUF**, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: **BASHIR AHMAD BASHIR**, Executive Editor, **S.M. YOUSUF**, Editor: **SHADAB BASHIR**, Managing Advertising: **SEEMAAB BASHIR**,
Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781
E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781